# 10-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اولمپکس کے لئے اتھلیٹس کو تیار کرنے ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی اور اکیڈیمی قائم کرنے کے منصوبہ کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ چھ مہینوں کے اندر ہر گھر کو اسمارٹ ٹی وی اور فائبر کنکشن فراہم کیا جائے گا۔

۳۔ وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ گزشتہ مہینہ غیر موسمی بارش سے متاثرہ کسانوں کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔

۴۔ دفتر موسمیات نے آئندہ تین دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے قریب منچی ریلہ میں گرے ہاونڈس کے کیمپس پر ینگ انڈیا پولیس اسکول کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اپنی تقریر میں انہوں نے پولیس اسکول کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پولیس عملہ کی صلاحیتوں اور ان کی پیشہ وارانہ قابلیت کو بہتر بنانے کی سمت یہ ایک اہم قدم ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ یہ اسکول سینک اسکول کی طرح ترقی کرے۔ انہوں نے تیقن دیا کہ حکومت اس کے لئے ضروری فنڈس فراہم کرے گی۔ انہوں نے خانگی کمپنیوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنی سماجی ذمہ داری کے طور پر اس اسکول کے لئے عطیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ وہ مہاتما گاندھی کے نظریات سے متاثر ہوکر اپنے برانڈ ینگ انڈیا کو قائم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ چیف منسٹر نے اعادہ کیا کہ تعلیم اور روزگار حکومت کے ویژن کے دو اہم ستون ہیں۔ انہوں نے ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے قیام کا تذکرہ کیا۔ جس کا مقصد بے روزگار نوجوانوں کو تکنیکی ہنر سے آراستہ کرنا ہے۔

SOUND BYTE

چیف منسٹر نے اعلان کیا کہ حکومت نے آنے والے اولمپکس کیلئے اتھلیٹس کو تیار کرنے کے مقصد سے ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی اور اکیڈیمی قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر اسمبلی حلقہ میں 25 ایکر کے احاطہ پر ینگ انڈیا اقامتی اسکول قائم کیا جارہا ہے جس کے ذریعہ معیاری تعلیم فراہم کی جائے گی۔ سرکاری ابتدائی اسکولوں میں بچوں کی تعداد میں کمی کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے اسکولی تعلیم کے نظام میں اصلاحات لانے کے لئے منصوبہ بنایا ہے۔ اس سے قبل چیف منسٹر نے اسکول کا دورہ کیا، کلاس رومس اور پلے گراؤنڈ کا معائنہ کیا اور طلبہ سے بات چیت کی۔

PONNAM:

حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پر بھاکر نے آج گجرات کے سابرمتی دریا کا دورہ کیا۔انہوں نے ایک کشتی میں سفر کرتے ہوئے سابرمتی کے ترقیاتی ماڈل کا جائزہ لیا اور موسیٰ ندی کے لئے ایسا ہی ماڈل اپنانے کے امکان پر عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے سابرمتی دریا کے ترقیاتی پہلوؤں پر مقامی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔انہوں نے کہا کہ جی ایچ ایم سی کی ایک ٹیم جلد ہی سابرمتی کا دورہ کرے گی اور موسیٰ ندی کے لئے اسی ماڈل کو اپنانے کے امکان کا جائزہ لے گی۔ پردیش کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ اور چیف منسٹر کے مشیر ویم نریندر ریڈی اس دورہ میں پونم پر بھاکر کے ہمراہ موجود تھے۔

TGDEX:

تلنگانہ کی حکومت نے سرکاری شعبہ کو درپیش اہم چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے اے آئی رائزنگ گرینڈ چیالنج شروع کیا ہے۔اس سال کے اواخر میں تلنگانہ ڈیٹا ایکسچینج ٹی جی ڈی ای ایکس کے آغاز سے قبل اس گرانڈ چیالنج کی شروعات کی گئی ہے۔ٹی جی ڈی ای ایکس ایک متحدہ ڈیٹا ایکسچینج ہوگا جس میں مختلف سرکاری محکموں اور پارٹنر اداروں کے اعلیٰ معیاری ڈیٹا سیٹس کو یکجا کیا جائے گا۔ ان ڈیٹا سیٹس تک محفوظ رسائی فراہم کرتے ہوئے یہ پلیٹ فارم اے آئی سلوشن کی تیاری اور ٹیسٹنگ کے کام میں مدد کرے گا۔

AIRPORT:

حیدرآباد انٹرنیشنل ایرپورٹ نے مشہور اسکائی ٹریکس سروے میں باوقار اعزاز حاصل کیا ہے۔ چوتھی مرتبہ اس ایرپورٹ کو بھارت اور جنوبی ایشیاء کے زمرہ میں بہترین ایرپورٹ اسٹاف 2025ء کا ایوارڈ حاصل ہوا ہے۔اسپین کے شہر میڈریڈ میں منعقدہ پیسنجر ٹرمینل ایکسپو 2025ء میں یہ ایوارڈ پیش کیا گیا۔ جی ایچ آئی اے ایل کے سی ای او پردیپ پیانیکر نے بتایا کہ مسافرین کے لئے انتظار کے وقت میں کٹوتی اور انہیں بہترین سہولتیں فراہم کرنے پر یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔

PADDY:

سیول سپلائز کے محکمہ نے جون کے اواخر تک ریاست کے کسانوں سے ربیع سیزن کی دھان خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ربیع کے دوران دھان کی پیداوار کے تخمینہ کی بنیاد پر ریاست بھر میں 8 ہزار 209 خریدی مراکز قائم کرنے کے منصوبے بنائے گئے ہیں۔سیول سپلائز کے عہدیداروں نے بتایا کہ یہ مراکز ہر علاقہ میں فصل کے کاٹنے کے وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے قائم کئے جارہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ایک ہزار 838 مراکز قائم کئے گئے ہیں اور 14 اضلاع میں خریدی شروع ہوگئی ہے۔اب تک 220 کروڑ روپے کی لاگت کی دھان خریدی گئی ہے اور ان میں سے 46 کروڑ روپے کسانوں کے کھاتوں میں جمع کردئے گئے ہیں۔

REGISTRATION:

ریاست بھر میں واقع سب رجسٹرار دفاتر میں آج سے سلاٹ بکنگ سسٹم پرعمل آوری کی جارہی ہے۔ ریاست میں سب رجسٹرار کے 144 دفاتر ہیں جن میں سے 22 دفاتر میں آزمائشی بنیاد پر یہ سسٹم شروع کیا جارہا ہے۔ سلاٹ بکنگ کے ذریعہ رجسٹریشن کا عمل 15 منٹ میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔

TUMMALA:

وزیرزراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ گزشتہ مہینہ ریاست میں طوفانی ہواؤں اور بارش سے 8 ہزار 400 ایکر علاقہ پر فصلوں کو نقصان پہنچا۔ محکمہ زراعت نے اس سلسلہ میں تفصیلی رپورٹ تیار کر کے حکومت کو پیش کردی ہے۔ ناگیشور راؤ نے کہا کہ کسانوں کو جلد ہی معاوضہ کی ادائیگی کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے بیجوں کی پیداوار پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے معیاری بیجوں کی پیداوار پر عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے کسانوں کے کھیتوں میں بیجوں کی کامیاب پیداوار کے لئے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

SRIDHAR BABU:

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے فائبر گریڈ کارپوریشن کے چیرمین کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ انہوں نے ٹی فائبر کے نئے دفتر کا افتتاح کیا اور ٹی فائبر اور ٹی نیکسٹ کے لوگو کی رسم اجراء انجام دی۔ اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا کہ چھ مہینوں کے اندر ہر گھر کو ایک اسمارٹ ٹی وی اور فائبر کنکشن فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹی نیکسٹ کے ذریعہ اسمارٹ ٹیلی ویژن متعارف کیا جائے گا۔

WEATHER:

دفتر موسمیات نے آئندہ تین دن کے دوران ریاست میں گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے سنگاریڈی، وقارآباد، حیدرآباد، رنگاریڈی، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، ملگو اور جئے شنکر بھوپال پلی اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اس دوران حیدرآباد کے کئی علاقوں میں آج دوپہر بارش ہوگئی۔

TEALANGANA BJP

تلنگانہ میں بی جے پی نے دیہاتوں اور سلم علاقوں میں عوام سے رابطہ کے لئے تین روزہ مہم شروع کی ہے۔ پارٹی کی یوم تاسیس تقاریب کے سلسلہ میں اس مہم کا آج آغاز ہوا۔ گاؤں چلو، بستی چلو نامی اس مہم کا مقصد عوام کو پارٹی کے پروگراموں سے واقف کروانا ہے۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری وینکٹیشورلو بتایا کہ اس پروگرام میں اعلیٰ قائدین شرکت کریں گے۔

❍❍